14511-خاوند کا اپنی بیوی کو اپنی جائداد کے بارہ میں بے خبر رکھنا

سوال

کیا خاوند کو یہ حق ہے کہ وہ اپنی جائداداور بنک بیلنس کے متعلق اپنی بیوی کو بے خبر رکھے ؟

پسندیدہ جواب

آدمی کے لیے یہ کوئی ضروری نہیں کہ وہ اپنی بیوی کو اپنی خاص جائداداور بنک میں موجود رقم کے بارہ میں بتائے ۔

لیکن مسئلہ یہ ہے کہ خاونداور بیوی کے مابین جو محبت و مودت اور صلہ و تعلق ہوتا ہے وہ اس بات کا متقاضی ہے کہ اس معاملہ میں تساہل سے کام لیا جائے اور ہر ایک کو دوسرے کی جائدادوغیرہ اور مال کا علم ہونا چاہیے اور انہیں مال کی تدبیر کرنے اور اسے اللہ تعالی کے راستے اور اس کی رضا کے لیے خرچ کرنے میں ایک دوسرے کا تعاون کرنا چاہیے ۔

واللہ اعلم .